## کوئٹہ، گلگت اور کراچی سمیت ملک بھر میں فرقہ واریت کی بنیاد پر قتل و غارتگری گھناؤنی سازش ہے، فرقہ وارانہ ہم آہنگی کیلئے تمام مسالک کے علماء کردار ادا کریں، جناب الطاف حسین

## فرقہ واریت کی بنیاد پر قتل و غارتگری میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے، فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کے قیام کیلئے تمام حکومتی وسائل استعمال کئے جائیں

لندن:۔۔۔14،اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے کوئٹہ، گلگت اور کراچی میں فرقہ واریت کی بنیاد پر بے گناہ افراد کے قتل کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اس قتل عام کو مسلمانوں کے مختلف مسالک اور عقائد کے ماننے والوں کے درمیان تفرقہ پیدا کرنے کی گھناؤنی سازش قرار دیا ہے۔ایک بیان میں انہوں نے کہا کہ کوئٹہ، گلگت اور کراچی میں فرقہ واریت کی بنیاد پر معصوم و بے گناہ افراد کے قتل میں ملوث دہشت گرد اپنے مذموم عزائم کی تکمیل چاہتے ہیں۔انہوں نے کہا کہ مختلف مسالک سے تعلق رکھنے والے بے گناہ افراد کو بیدردی سے قتل کرکے فرقہ وارانہ ہم آہنگی، بھائی چارے اور امن وامان کی فضاء کو نقصان پہنچانا اور بدامنی کی صورتحال پیدا کرنے والے کسی طرح بھی ملک وقوم سے مخلص نہیں ہوسکتے اور سخت گرفت اور کارروائی کے مستحق ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کی موجودہ صورتحال انتہائی نازک ہے، ایسے وقت میں مسلمانوں کے تمام مسالک کے اتحاد اور یکجہتی کی اشد ضرورت ہے لہٰذا تمام مکاتب فکر سے تعلق رکھنے والے علمائے کرام اپنے خطبات میں فرقہ وارانہ ہم آہنگی اور بھائی چارے کا درس دیں اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء کو برقرار رکھنے کیلئے اپنا ہر ممکن کردار ادا کریں۔انہوں نے عوام سے بھی اپیل کی کہ وہ اپنے درمیان بھائی چارے، مذہبی رواداری اور اتحاد و یگانگت کی فضا قائم رکھیں اور کسی بھی شرانگیز واقعہ پر ہرگز مشتعل نہ ہوں اور صبر وتحمل کا مظاہرہ کرکے ان گھناؤنی سازشوں کو اپنے اتحاد سے ناکام بنادیں۔انہوں نے فرقہ واریت کی بنیاد پر قتل ہونے والے تمام افراد کے سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔ جناب الطاف حسین نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی، وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ فرقہ واریت کی بنیاد پر قتل و غارتگری میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور فرقہ وارانہ ہم آہنگی کی فضاء اور قیام امن کیلئے تمام تر حکومتی وسائل استعمال میں لائے جائیں۔

## کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کرکے پولیس اہلکار سمیت متعدد بے گناہ افراد کو جاں بحق اور زخمی کرنا کھلی دہشت گردی ہے، رابطہ کمیٹی

## مسلح دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کیا جائے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس اقدامات کئے جائیں

## فائرنگ کے نتیجے میں متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے پر اظہار افسوس

کراچی:۔۔۔14،اپریل2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کوئٹہ کے علاقے بروری روڈ، سبزل روڈ اور شالکوٹ تھانہ ایریا میں مسلح دہشت گردوں کی اندھا دھند فائرنگ کے نتیجے میں پولیس اہلکار سمیت متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہوجانے کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور ان مذموم واقعات کو کھلی دہشت گردی قرار دیا ہے۔ایک بیان میں رابطہ کمیٹی نے کہا کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں فائرنگ کرکے معصوم و بے گناہ افراد کو خاک وخون میں نہلانے میں ملوث دہشت گرد سفاک ہیں اور کسی بھی قسم کی رعایت کے مستحق نہیں ہیں۔رابطہ کمیٹی نے کہا کہ گزشتہ روز بھی کوئٹہ میں ٹارگٹ کلنگ کے واقعات میں خاتون سمیت متعدد افراد کو نشانہ بنایا گیا اور آج بھی کوئٹہ میں فائرنگ کے واقعات کے باعث بدامنی اور معصوم و بے گناہ لوگوں کی زندگیوں کا زیاں ہر محبّ وطن شہری کیلئے لمحہ فکریہ ہے۔رابطہ کمیٹی نے فائرنگ کے واقعات میں جاں بحق ہونے والے افراد کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت و ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی اور زخمیوں کی جلد و مکمل صحت یابی کیلئے دعا بھی کی۔رابطہ کمیٹی نے صدر مملکت آصف علی زرداری، وزیراعظم یوسف رضا گیلانی اور وفاقی وزیر داخلہ رحمان ملک سے مطالبہ کیا کہ کوئٹہ کے مختلف علاقوں میں مسلح دہشت گردوں کی اندھا دھند فائرنگ اور اس کے نتیجے میں پولیس اہلکار سمیت متعدد افراد کے جاں بحق اور زخمی ہونے کا سختی سے نوٹس لیا جائے، اس میں ملوث دہشت گردوں کو فی الفور گرفتار کرکے قرار واقعی سزا دی جائے اور عوام کی جان و مال کے تحفظ کیلئے ٹھوس نوعیت کے اقدامات کئے جائیں۔

**نذیرحسین یونیورسٹی میں سہ روزہ کتب میلے کا آغاز کردیا گیا،ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین کا کتب میلے کا دورہ،**

**کتب میلے میں قائم کئے جانیوالے مختلف اسٹالز کا جائزہ لیا اوران کے بارے میں تفصیلات معلوم کیں**

**کتب میلے میں کراچی کے مختلف جامعات کے پروفیسرز،اساتذہ کرام تعلیم کے شعبے سے وابستہ دیگر شخصیات سمیت طلبہ وطالبات کی بڑی تعداد میں شرکت**

**کتب میلے میں قائم کئے جانیوالے مختلف اسٹالز طلبہ وطالبات کارش دیکھنے میں آیا**

کراچی:۔۔۔14اپریل،2012ء

نذیرحسین یونیورسٹی میں سہ روزہ بک فیئر کا آغاز ہفتہ کے روز فیڈرل بی ایریا ایس ٹی 2 بلاک 4 میں کردیا گیا۔کتب میلے کے پہلے روز ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی کے اراکین طارق میر،کنور خالد یونس،یوسف شاہوانی نے کتب میلے کا دورہ کیا اور وہاں پر قائم کئے جانیوالے مختلف اسٹالز کا جائزہ لیا اوران کے بارے میں تفصیلات معلوم کیں۔اس موقع پر ایم کیوایم شعبہ اطلاعات کے اراکین،ایم کیوایم لٹریچر کمیٹی کے ارکان بھی موجود تھے۔کتب میلے میں کراچی کے مختلف جامعات کے اساتذہ کرام،پروفیسرز تعلیم کے شعبے سے وابستہ دیگر شخصیات سمیت طلبہ وطالبات نے بڑی تعداد نے شرکت کی۔اس موقع پر طلبہ وطالبات نے تکب میلے میں قائم کئے جانیوالے مختلف اسٹالز پر طلبہ وطالبات کارش دیکھنے میں آیا۔کتب میلے میں ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین تحریر کردہ اور دیگر کے لیکچرز پر مبنی کتابیں،ناصر حسین وعارف حسین میموریل لائبریری سے متعلق اہم مجلّے اور تعارفی کتابیں اوراور دیگر سیاسی و مذہبی معلوماتی کتابوں کے حوالے سے اسٹالز قائم کئے گئے ہیں جن پر انتہائی کم قیمتوں پر کتابیں فروخت کی جارہی ہے۔

**ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے جس نے ملک کی سیاست میں دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کو متعارف کرایا،اراکین رابطہ کمیٹی**

**لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کی تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس سے اظہارِ خیال**

کراچی:۔۔۔14اپریل،2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کی مرکزی کمیٹی کی تنظیم نو کا اعلان کردیا۔یہ اعلان گزشتہ روز لال قلعہ گراؤنڈ عزیز آباد میں کراچی مضافاتی کے زیراہتمام تنظیم نو کے سلسلے میں منعقدہ اجلاس میں کیا گیا۔اجلاس میں ایم کیوایم کی کے اراکین سلیم شہزاد،سید شاکر علی،اشفاق احمد منگی،یوسف شاہوانی اور ایم کیوایم کے رہنماء عامر خان نے اظہارِ خیال کیا۔اس موقع پر ایم کیوایم کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے سیکٹرز و یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان بڑی تعداد میں موجود تھے۔اجلاس سے مقررین نے اظہارِ خیال کرتے ہوئے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین اس ملک میں گزشتہ 64 سالوں سے رائج کرپٹ فرسودہ جاگیردارانہ نظام کے خاتمہ کی عملی جدوجہد کررہے ہیں تاکہ ملک کے غریب ومحکوم عوام کو بنیادی حقوق میسر آسکیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیوایم غریب ومتوسط طبقے کی جماعت ہے جس نے ملک کی سیاست میں دکھی انسانیت کی خدمت کے جذبے کو متعارف کرایا۔انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کی اس جدوجہد کو روکنے کیلئے جناب الطاف حسین کو پہلے تو ہر طرح کی لالچ دیا گیا،انہیں خریدنے کی کوشش کی گئی لیکن اس میں ناکامی کے بعد قائد تحریک جناب الطاف حسین کی عملی جدوجہد کو کچلنے کیلئے ملک پر قابض استحصالی ٹولے نے طرح طرح کی سازشوں کے نتیجے میں الطاف حسین کے پندرہ ہزار سے زائد جانثار ساتھیوں کو شہید کردیا اور الطاف حسین کے ان جانثار شہید ساتھیوں میں ان کے اپنے بڑے بھائی ناصر حسین شہید اور بھتیجے عارف حسین شہید کا لہو شامل ہے۔انہوں نے کہا کہ ماضی کی طرح آج بھی ایم کیوایم کیخلاف سازشیں کی جارہی ہے تاکہ ملک بھر میں ایم کیوایم کی پرواز کو روکا جاسکے لیکن یہ باطل پرست عناصر نہیں جانتے ہیں کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کے نظریئے کو دنیا کی کوئی طاقت کرہ عرض پر پھیلنے سے نہیں روک سکتی ہے۔انہوں نے کہا کہ متوسط طبقہ سے تعلق رکھنے والے 98 فیصد مظلوم ومحکوم عوام قائد تحریک جناب الطاف حسین کو اپنا نجات دہندہ سمجھتے ہیں اوران کی رہنمائی میں اپنی منزل حاصل کرنے کی جدوجہد کررہے ہیں اور وہ دن دور نہیں جب قائد تحریک جناب الطاف حسین ہمیں ہماری منزل تک پہنچائیں گے۔بعدازاں انہوں نے نوکراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کی مرکزی کمیٹی کے نومنتخب ذمہ داران کے ناموں کا اعلان کیا۔جس کے مطابق کراچی مضافاتی آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج فرخ اعظم،جوائنٹ انچارجز نثار احمد پنہور اور محمد سلیم جوکھیو اراکین میں عزیز الرحمان،سیّد معین الدین احمد،محمد علی کلمتی بلوچ،سیّد احمد رضا،گل محمد مینگل،الطاف حسین مینگل،حاجی منظور احمد جوکھیو،حاجی اسماعیل،محمد شاکر فاروقی،حاجی علی محمد،شاہد علی اور بشیر احمد شامل ہیں۔انہوں نے نومنتخب کمیٹی کے ذمہ داران کو تلقین کی کہ وہ تنظیمی نظم وضبط کا خاص خیال رکھیں،لٹریچر کا بغور مطالعہ کریں اور خود کو نظریاتی طور پر مضبوط ومستحکم بنائیں اور تحریک کے مشن ومقصد کے حصول کیلئے اپنی تمام تر صلاحیتوں کو بروئے کار لائیں۔

## پختون عوام باشعور ہیں وہ کسی بھی سازش کا حصہ نہیں بنیں گے اور اپنے اتحاد کے ذریعہ سازشی عناصر کے عزائم کو خاک میں ملادیں گے، گلفر از خان خٹک

## پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت لانڈھی یوسی 1 میں منعقد جنرل ورکرز اجلاس سے اظہار خیال

کراچی۔۔۔14، اپریل 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن گلفر از خان خٹک نے کہا ہے کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین ملک میں بسنے والی تمام قومیتوں کے ہر دلعزیز قائد ہیں جنھوں نے اپنی مدبرانہ قیادت کے طفیل پورے پاکستان کے مظلوم ومحکوم طبقے کے لوگوں کو اکھٹا کر رکھا ہے۔ ان خیالات کا ظہار انہوں نے پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے تحت لانڈھی یوسی 1 میں منعقدہ جنرل ورکرز اجلاس سے اظہار خیال کرتے ہوئے کیا۔ اجلاس میں پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے انچارج اسلم شاہ آفریدی وارا کین کمیٹی انور شہباز اور عزیز الرحمٰن ایم کیوایم کے پختون آرگنائزنگ کمیٹی کے مختلف یونٹوں کے ذمہ داران وکارکنان بہت بڑی تعداد میں موجود تھے۔ انہوں نے کہا کہ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا نظریہ اور فکر وفلسفہ بہت تیزی کے ساتھ ملک کے کونے کونے میں پھیل رہا ہے۔ یہی وجہ ہے کہ ملک کے معروف کاروباری، سماجی شخصیات ایم کیوایم کے فکر وفلسفہ حقیقت پسندی اور عملیت پسندی سے متاثر ہوکر میں ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کررہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ بعض سازشی عناصر کی جانب سے کراچی میں مہاجر اور پختون عوام کو آپس میں لڑاونے کی کوشش کر رہے ہیں لیکن پختون عوام باشعور ہیں وہ کسی بھی سازش کا حصہ نہیں بنیں گے اور اپنے اتحاد کے ذریعہ سازشی عناصر کے عزائم کو خاک میں ملادیں گے۔

## مجید نظامی نے آزادی صحافت کیلئے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا، مجید نظامی صاحب کا شماران شخصیات میں ہوتا ہے جو شعبہء صحافت میں اپنی طویل اور نمایاں خدمات کے ذریعے ممتاز مقام رکھتے ہیں

## روزنامہ نوائے وقت کے چیف ایڈیٹر مجید نظامی کی صحافتی خدمات کے 50 سال مکمل ہونے پر ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کا پیغام

لاہور۔۔۔14 اپریل 2012ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے رکن سیف یار خان نے سینئر صحافی اور روزنامہ نوائے وقت کے چیف ایڈیٹر مجید نظامی کی صحافتی خدمات کے 50 سال مکمل ہونے پر ان کی خدمات کے اعتراف میں دی گئی تقریب میں شرکت کی۔ اس موقع پر لاہور زون کے انچارج ملک وسیم کھوکھر، جوائنٹ انچارجز ڈاکٹر افتخار حسین بخاری، ساجد عباس سبزواری اور دیگر ذمہ داران بھی ان کے ہمراہ تھے۔ اس موقع پر سیف یار خان نے قائد تحریک جناب الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کی جانب سے مجید نظامی کو پھولوں کا گلدستہ بھی پیش کیا۔ قائد تحریک جناب الطاف حسین کا پیغام سناتے ہوئے سیف یار خان نے کہا کہ یوں تو دنیا میں آنے کے بعد سب ہی لوگ اپنی زندگی گزارتے ہیں اور زندگی گزارنے کے بعد دنیا سے چلے جاتے ہیں لیکن جو لوگ زندگی کے کسی بھی شعبہ میں نمایاں خدمات انجام دیتے ہیں وہ نام بھی پاتے ہیں اور مقام بھی......سینئر صحافی اور روزنامہ نوائے وقت کے چیف ایڈیٹر محترم مجید نظامی صاحب کا شماران شخصیات میں ہوتا ہے جو شعبہء صحافت میں اپنی طویل اور نمایاں خدمات کے ذریعے ممتاز مقام رکھتے ہیں۔ محترم مجید نظامی صاحب نے نوائے وقت کو صرف ایک روزنامہ ہی نہیں بلکہ اسے ایک ایسے ادارے کی شکل دی جس نے نہ صرف اردو اور انگریزی جریدوں کا اجراء کیا بلکہ شعبہء صحافت سے دلچسپی رکھنے والے قلمکاروں کیلئے ایک درس گاہ کے طور پر کام کیا۔ انہوں نے اپنے 50 سالہ صحافتی سفر میں جس طرح آزادی صحافت کیلئے زریں اصولوں پر عمل پیرا ہوکر کام کیا وہ روزنامہ نوائے وقت اور اس سے وابستہ ایک ایک فرد کیلئے اعزاز اور مشعل راہ ہے۔ انہوں نے کہا کہ مجید نظامی نے آزادی صحافت کیلئے ہمیشہ مثبت کردار ادا کیا اور اس پر قدغن لگانے والوں کی حوصلہ شکنی کی اور ہر دور میں آزادی صحافت کا علم بلند رکھا۔ انہوں نے پاکستان کی تاریخ کے پس منظر اور حقائق کا اپنے طویل صحافتی سفر کے دوران نہ صرف مشاہدہ کیا بلکہ انہیں جانا ہے اور پرکھا بھی ہے۔ دنیائے صحافت میں ان کا نام اور کام نہایت قابل قدر سمجھا جاتا ہے۔ انہوں نے بطور ایڈیٹر 50 سال مکمل کیئے اور وہ اس سے آگے کا سفر کررہے ہیں۔ اللہ انہیں صحت وتندرستی دے اور صحافتی سفر میں مزید ریکارڈ قائم کرنے کا حوصلہ وہمت عطا کرے۔ میں ایک بار پھر جناب مجید نظامی صاحب کو صحافتی سفر میں بطور ایڈیٹر نوائے وقت 50 سال مکمل کرنے پر اپنی اور پوری ایم کیوایم کی جانب سے انہیں دل کی گہرائیوں سے مبارکباد پیش کرتا ہوں اور ان صحت وتندرستی کیلئے دعا گو ہوں۔

☆☆☆☆☆